© rasailojaraid.com

# ضروری اطلاع

## وفاق المدارس کی اسناد کی تصدیق اور مساوی سرٹیفیکیٹ کے اجراء کا مسئلہ حل ہو گیا۔

ماضی قریب میں ہائر ایجوکیشن کی جانب سے وفاق المدارس کی سند ''شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ'' پر ایم اے عربی' ایم اے اسلامیات کے مساوی سرٹیفیکیٹ کا اجراء روک دیا گیا تھا۔ ہائر ایجوکیشن کمشن اسلام آباد کا مطالبہ تھا کہ وفاق المدارس کو جاری کردہ ثانویہ عامہ اور ثانویہ خاصہ کی اسناد کو متعلقہ حکومتی ادارہ تصدیق کرے۔

خیال رہے قبل ازیں ثانویہ عامہ اور ثانویہ خاصہ کی اسناد انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) تصدیق کرتا تھا۔ لیکن بعد میں ان اسناد کی تصدیق کی ذمہ داری وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان کے سپرد کی گئی۔ وزارت مذہبی امور نے ان اسناد کی تصدیق کرنے سے انکار کرتے ہوئے محکمہ تعلیم حکومت پاکستان کو تحریر کیا کہ ان کا دینی مدارس کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں لہذا جس طرح محکمہ تعلیم دیگر تعلیمی اداروں کے معاملات کی نگرانی کرتا ہے اسی طرح دینی مدارس کی اسناد کی تصدیق بھی محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے۔

اس سلسلہ میں اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کے ایک وفد کے ہمراہ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق المدارس نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ڈائریکٹر جنرل جناب جاوید اقبال صاحب کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں ان مشکلات کو حل کرنے کی سفارش کی۔ مابعد اخباری بیانات کے ذریعہ بھی مہم چلائی گئی۔

مورخہ 19-02-2009 کو انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) کے سیکرٹری جناب محمد رمضان خان اچکزئی صاحب سے بھی حضرت ناظم اعلیٰ صاحب کے ہمراہ اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ جناب سیکرٹری موصوف نے یقین دہانی کرائی کہ بورڈ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں معاملہ ہذا کو ترجیحی بنیادوں پر پیش کر کے اس حل کرانے کی پوری کوشش کی جائے گی

انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین کی طرف سے بروے مکتوب نمبر IBCC/ATN/Rules/5732-95 مورخہ 11,12 مارچ 2009ء کو انٹر بورڈ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ جب تک وزارت مذہبی امور یا وزارت تعلیم کے دائرہ اختیار کا تعین نہیں ہو جاتا انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) رجسٹرڈ دینی مدارس کی اسناد کی تصدیق کرے گی۔

اس طرح اب ہائر ایجوکیشن کو وفاق المدارس کی اسناد پر مساوی سرٹیفیکیٹ جاری کرنے میں کوئی امر مانع نہیں ہوگا۔

## وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات میں کامیابی کا معیار

وفاق المدارس کے مختلف درجات کے امتحانات میں کامیابی کیلئے 40 فیصد (600 میں سے 240) نمبر اور چار مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔

عالمیہ میں کامیابی کیلئے مجموعی 240 نمبروں کے ساتھ لازمی مضامین بخاری شریف اور ترمذی شریف میں پاس ہونا ضروری ہے۔

عالمیہ میں راسب طلبہ/ طالبات کو مکمل امتحان دوبارہ دینا ہوگا پہلے امتحان کے نمبر شامل نہیں کیے جائیں گے۔

درجہ متوسطہ میں مجموعی 280 نمبروں کے ساتھ لازمی مضامین (قرآن مجید' اردو' ریاضی) میں پاس ہونا ضروری ہے۔

© rasailojaraid.com